قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الہدیٰ نیوز لیٹر

اکتوبر 2025 تا جنوری 2026، ربیع الثانی تا شعبان 1447ھ | شمارہ: 30

قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص | امانت وصداقت | صبر واستقامت | خیر خواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام

## حمد وثنا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ خَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ فَقَدَّرَهُ تَقْدِیْرًا، یَعْلَمُ مَا كَانَ وَمَا یَكُوْنُ وَمَا لَمْ یَكُنْ لَوْ كَانَ كَیْفَ یَكُوْن

تمام تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جس نے ہر چیز کو پیدا کیا پھر اس کا ایک اندازہ مقرر کیا، وہ جانتا ہے جو کچھ ہو رہا ہے اور جو آئندہ ہوگا اور جو نہیں ہوا اور اگر وہ ہوتا تو کیسا ہوتا۔




رمضان کا مہینہ وہ بابرکت مہینہ ہے جو ہمیں یاد دلاتا ہے کہ دنیا کی سب سے قیمتی چیز مال و دولت، منصب یا شہرت نہیں بلکہ ایمان ہے۔ ایمان کی بنیاد اللہ تعالیٰ کا خوف ہے، ایسا خوف جو مایوسی کا سبب نہیں بلکہ سنبھلنے کا سبب بنتا ہے۔ ایسا خوف جو انسان کو اپنا حساب خود لینے اور اپنے اعمال پر نظر رکھنے پر مجبور کر دیتا ہے، ہمیں خوب معلوم ہے کہ ایک ایسا دن آنے والا ہے جب نہ الفاظ کام آئیں گے اور نہ کوئی بہانہ، بلکہ وہ ہمارے ہی اعمال ہوں گے جو ہمارے سامنے رکھ دیے جائیں گے۔ اس دن یہ دیکھا جائے گا کہ اس مختصر سی زندگی میں ہم نے دائمی زندگی کے لیے کیا سامان تیار کیا ہے۔ انسان کی اوسط عمر تقریباً ستر برس ہے۔ لمحوں کی طرح گزر جانے والی یہ زندگی ہم سے سوال کرتی ہے کہ: ہم نے اس وقت کو کن کاموں میں گزار دیا، کس کے اظہار بندگی کیا؟ ہمیں شعوری طور پر اس راستے کا تعین کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ’’... پھر جو میری طرف سے کوئی ہدایت تمہارے پاس پہنچے، تو جو لوگ میری ہدایت کی پیروی کریں گے، ان کے لیے کسی خوف اور رنج کا موقع نہ ہوگا‘‘ [البقرہ:38]

اللہ تعالیٰ کا یہ پیغام ہر انسان کے لیے ہے۔ لہذا ہر شخص کے لیے یہ جاننا بہت ضروری ہے کہ اس کی زندگی کا اصل مقصد کیا ہے؟ اسے اس دنیا میں آکر کیا کرنا ہے؟ اور اس دنیا کے بعد اس کا انجام کیا ہونے والا ہے؟ اگر انسان آج اس حقیقت سے غافل رہا تو کل اسے شدید شرمندگی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ یہ تمام حقائق ہمیں قرآنِ کریم سے معلوم ہوتے ہیں۔ قرآن ہی ہمیں سکھاتا ہے کہ زندگی کیسے گزارنی ہے، اپنے رب کی عبادت کس طرح کرنی ہے، اور بندوں کے حقوق کیسے ادا کرنے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ ہم وقتاً فوقتاً اپنا محاسبہ کرتے رہیں اور قرآن مجید سے خصوصی تعلق قائم کریں۔ قرآن سے حقیقی فائدہ اسی وقت حاصل ہوسکتا ہے جب دل میں تقویٰ ہو اور تقویٰ صرف ظاہری پرہیزگاری کا نام نہیں، بلکہ یہ وہ طلب ہے جو انسان کو سوچنے پر مجبور کرتی ہے کہ آج دنیا میں مجھے کیا کرنا ہے اور کل آخرت میں میرا انجام کیا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

’’اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو اللہ کو بھول گئے تو اللہ نے اُنہیں خود اپنا نفس بھلا دیا، یہی لوگ فاسق ہیں‘‘۔ [الحشر:19]

یہ وہ لوگ ہیں جو دنیا کی دوڑ میں لگے رہتے ہیں اور اللہ کو کم ہی یاد کرتے ہیں، اس کی سزا میں اللہ تعالیٰ انہیں اپنی اصل زندگی، یعنی آخرت کی فکر سے غافل کر دیا۔ ابنِ قیمؒ فرماتے ہیں کہ ’’جب لوگوں نے اللہ کو بھلا دیا تو اللہ نے بھی انہیں نہ ہدایت دی، نہ علم عطا فرمایا اور نہ نیک اعمال کی توفیق دی‘‘ لہذا قرآن سیکھنے کا اصل مقصد یہ ہونا چاہیے کہ دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف پیدا ہو، غلط نظریات، خواہشات اور پرانی عادات ختم ہوں تاکہ ہم نیک اعمال کر کے آگ سے نجات حاصل کر سکیں۔ لہٰذا ہمیں اس رمضان میں اپنا محاسبہ کرنا ہے کہ کیا ہماری نیتیں، خواہشات اور عادات قرآن کے بتائے ہوئے راستے کے مطابق ہیں یا نہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے آمین

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

# ایڈیٹر نوٹ

معزز قارئین، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

سال نومبارک !2026 کا پہلا شمارہ پیش نظر ہے جس میں آپ کے لئے بہت سی خوش کن خبریں شامل ہیں۔ استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نومبر میں کینیڈا سے جدہ، مکہ اور مدینہ تشریف لائیں جہاں سے ریگولر دروس کا سلسلہ جاری رہا، وہاں سے مدینہ میں اپنے نواسے یحییٰ کی تقریب نکاح میں شرکت کے بعد اسلام آباد تشریف لائیں۔ 25 نومبر سے نہایت اہم کتاب ''نماز کے اذکار'' بمع لفظی ورواں ترجمہ پڑھانی شروع کی جس سے اذکار کے معنی، فضائل اور اہمیت جاننے کا موقع ملا۔ نماز دراصل بندے سے اللہ کی ملاقات کا ذریعہ ہے جس کی تیاری ضروری ہے۔ 27 نومبر کو سی۔ ای۔ او ڈاکٹر عاطف اقبال صاحب اور مریم زبیر صاحبہ کی جانب سے الہدیٰ کے اسٹاف کو ان کے بیٹے یحییٰ کی دعوت ولیمہ اور دلہن فاطمہ سے تعارف کی بہت سادہ اور پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ استاذہ محترمہ نے بہت خوبصورت الفاظ میں فاطمہ کا تعارف کروایا۔ وہ حافظ قرآن ہیں انہوں نے نہایت دلکش آواز میں تلاوت کی۔ فاطمہ کی والدہ نے ان کی تعلیم وتربیت سے متعلق بہت سی قابل تقلید باتیں بتائیں جو بچوں کی شخصیت کی تعمیر کے لئے اہم ہیں۔ یکم جنوری 2026 سے استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے ''القرآن ربیع قلبی'' (قرآن میرے دل کی بہار) کے خوبصورت عنوان سے الہدیٰ ملتان سے دورہ قرآن کا آغاز کیا۔ استاذہ محترمہ اس کو مائنڈ میپس کے ساتھ وضاحت سے بیان کر رہی ہیں جس کو دنیا بھر میں بہت پذیرائی مل رہی ہے جس سے دنیا بھر میں حسب معمول الہدیٰ کے ہر ریجن میں بہت جگہوں پر دورہ قرآن کرانے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے برانچز کے علاوہ بہت سے کالجوں، اسکولوں اور یونیورسٹیوں میں بھی دورہ قرآن کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ الہدیٰ انسٹیٹیوٹ فارمین میں قرآنی تعلیمات کو مزید مؤثر اور منظم انداز میں آگے بڑھانے کی منصوبہ بندی کی گئی اسلام آباد میں دوبئی کلاسز کا آغاز کر دیا گیا ہے، لاہور میں مرد حضرات کے لئے قرآن کلاسز کے ساتھ غسل میت ٹریننگ ورکشاپس کا آغاز کیا گیا۔ الہدیٰ کے اسٹاف اور اسٹوڈنٹس کے لئے تعلیم کے ساتھ ساتھ ہیلتھ سیشنز کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ فلاحی کاموں کا سلسلہ حسب معمول جاری ہے۔ عوامی صحت کے فروغ کے لئے ورکشاپس کا اہتمام کیا گیا۔ شعبہ خدمت خلق کی یہ کاوش قابلِ تحسین ہے، جس کے ذریعے نہ صرف آگاہی دی گئی بلکہ عملی تشخیص اور رہنمائی بھی کی گئی۔ الہدیٰ کے تعلیمی اور فلاحی پروگراموں کے فروغ میں آپ سب کی شمولیت اور مسلسل تعاون بہت اہم ہے، ہم اپنے سب کرم فرماؤں کے شکر گزار ہیں۔

طاہرہ خان




استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی مسلسل تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں، جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

- ''نماز کے اذکار'' 25 نومبر 2025 سے لفظی ترجمہ اور وضاحت کے ساتھ شروع کی گئی۔
- القرآن ربیع قلبی (دورہ قرآن 2026): یکم جنوری سے ملتان ریجن میں شروع کیا گیا۔
- فقہ القلوب (ہفتہ وار کلاس) میں: ''فقه الصبر'' کا باب پڑھایا جا رہا ہے۔
- غلطیوں کی اصلاح کا نبوی ﷺ طریقہ کتاب کی ہفتہ وار کلاسز جاری ہیں۔

ان تمام لیکچرز کے لیے آپ مندرجہ ذیل لنکس سے استفادہ کر سکتے ہیں:

https://linktre.ee/DrFarhatHashmi



## ملتان ریجن کے مختلف علاقوں کا دورہ

2025-12-31 تعارف القران فائیو اسٹار مارکی شاہ شمس دربار نزد رشید آباد فلائی اور رضا آباد، ملتان

2026-01-08 رائل مارکی ہائیکورٹ روڈ، نزد KFC

2026-01-14 ملتان مارکی بوسن روڈ چونگی نمبر 6

2026-01-21 جناح آڈیٹوریم بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی،

2026-01-28 شنگریلا مارکی ملتان پبلک اسکول روڈ، رائل آرچرڈ، ملتان

2026-01-04 ڈسٹرکٹ کونسل ہال ضلع مظفر گڑھ

2026-01-11 تاج پیلس 13، گجیانی روڈ چشتیاں

2026-01-11 وسیب میرج ہال، چھوٹا والا روڈ، حاصل پور

2026-01-18 کرسٹل مارکی، NDV، ڈیرہ غازی خان

2026-01-25 نور محل مارکی، نور محل روڈ، بہاولپور

2026-02-01 شفق مارکی، بورے والا روڈ، وہاڑی

2026-02-04 گرس مارکی سورج میانی روڈ، شاہ شاداب کالونی، جناح ٹاؤن، ملتان

2026-02-08 پنجاب گروپ آف کالجز، علی پور

2026-02-11 آرٹس کونسل ایم ڈی اے روڈ، ملتان

2026-02-15 گلستان مہر میرج ہال اولڈ جہانیاں بائی پاس روڈ، خانیوال

علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یاربّ

# الہدیٰ انسٹیٹیوٹ آف اسلامک ایجوکیشن فارویمن اسلام آباد



## تکمیل قرآن تقریب

تقریب کاعنوان " کتاب انزلنه اليك مبارك"

دسمبر میں الہدیٰ انسٹیٹیوٹ آف اسلامک ایجوکیشن فارویمن اسلام آباد میں قرآن وحدیث کورسز کی اختتامی تقریب منعقد کی گئی۔ الحمدللہ تکمیل پانے والے کورسز میں تعلیم القرآن 1 اردو، تعلیم القرآن 3 فہم القرآن، تعلیم القرآت، صحیح البخاری کورس، تعلیم الحدیث کورس، تعلیم التجوید لیول 1، 2، 3، تحفیظ القرآن، تدبر القرآن، حسن صحت کورس، حفظ البقرہ کورس، سورہ تفسیر کورس شامل تھے۔ کورسز مکمل کرنے والی طالبات کے اہل خانہ میں سے سرپرست خواتین اور معزز مہمانان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی نے طالبات کو ان کی کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے دعا دی کہ جیسے آج آپ خوش ہیں، آخرت میں بھی اس سے کہیں زیادہ خوش ہوں، فرشتے آپ کا استقبال کریں، اللہ تعالی کی رضا اور دیدار سے سرفراز ہوں۔ تقریب کے اختتام پر ڈائریکٹر انسٹیٹیوٹ آسیہ قمر صاحبہ نے اظہارِ تشکر پیش کیا۔



## تعلیمی ونصابی سرگرمیاں

ستمبر 2025 میں الہدیٰ انسٹیٹیوٹ آف اسلامک ایجوکیشن فارویمن کا وفاق المدارس جامعہ سلفیہ کے ساتھ الحاق ہوا اور جنوری 2026 میں 76 طالبات نے الثانویۃ العامہ کورس کا امتحان دیا۔ اس سے قبل تحفیظُ القرآن کورس کا الحاق بھی وفاق المدارس سلفیہ کے ساتھ ہو چکا ہے۔ الثانویۃ العامہ کورس کے مختلف مضامین کو تعلیم الحدیث کورس میں شامل کیا گیا، اس طرح دیگر طالبات کے علاوہ تعلیم الحدیث کی بہت سی طالبات نے بھی اس کورس کا امتحان دیا۔ امتحانات کی تیاری کے لیے آن سائٹ اور آن لائن کلاسز کا انتظام بھی کیا گیا۔ انسٹیٹیوٹ کے تحت کروائے جانے والے تمام آن لائن کورسز کو باضابطہ طور پر ای لرننگ پلیٹ فارم پر منتقل کیا گیا۔ تعلیم التجوید لیول 1 میں ''معلم القرآن'' کے ابتدائی 6 یونٹس پڑھائے گئے۔ درج ذیل نئے کورسز کا آغاز ہوا


معانی القرآن (4 ماہ)، فہم القرآن انگلش ہفتہ وار (1 سال)، تدبر القرآن ہفتہ وار (1 سال)، صحیح البخاری کورس (اردو/ انگلش) (4 ماہ)

ان کورسز کے ذریعے قرآن وحدیث کے فہم اور تدبر وعمل کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔










## ہیلتھ سیشنز (Health Sessions)

صحت مند طرزِ زندگی کے اصولوں سے آگاہی کے لیے ہیلتھ سیشنز کا اہتمام کیا گیا۔ خصوصی طور پر ہاسٹل طالبات کے لیے ہفتہ وار باقاعدہ ہیلتھ سیشنز کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں طالبات کی جسمانی و ذہنی صحت اور روزمرہ نظم وضبط پر خصوصی توجہ دی گئی۔

## تربیتی پروگرامز (Trainings)

اساتذہ اور دیگر سٹاف کے لیے سٹاف ٹریننگ سیشنز کروائے گئے۔ الہدیٰ آن لائن (امریکہ) کی کوارڈینیٹر ''محترمہ شازیہ نواز صاحبہ'' کے اسٹاف اور طالبات کے ساتھ الگ الگ تربیتی سیشنز رکھوائے گئے۔

اکتوبر تا جنوری (Skill Development) کے لیے ٹریننگ پروگرامز منعقد کیے گئے، جن میں ساؤنڈ سسٹم کی ٹریننگ، ویڈیوگرافی کی ٹریننگ اور تکنیکی اور انتظامی امور کی ٹریننگ شامل ہیں۔

## فائر فائٹنگ ڈرل

طالبات کے لیے ڈرل سیشنز منعقد کیے گئے۔ ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے سٹاف کو فائر فائٹنگ (FireFighting) کی تربیت دی گئی۔

# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ

## الھدیٰ انسٹیٹیوٹ فارمین اسلام آباد

### 1.علماء ومشائخ کے لیے خصوصی سیشن

AIM کی جانب سے راولپنڈی اور اسلام آباد کے تمام نامور علماء ومشائخ کے لیے خصوصی سیشن کا اہتمام کیا گیا، جس میں ڈاکٹر ادریس زبیر صاحب کی میزبانی میں امت کو درپیش چیلنجز اور ان کے ممکنہ حل پر تبادلہ خیال ہوا۔



### 2.ہفتہ وار کورس کی کامیاب تکمیل

ہفتہ وار پروفیشنل کورس ''ٹیون اپ ودقرآن بیج 7'' کو 100 سے زائد طلباء کے شمولیت کے ساتھ بخوبی مکمل کیا گیا۔

## انسٹی ٹیوشنل پروگرامز کی نمایاں پیش رفت

اکتوبر سے جنوری 2026 کے دوران انسٹی ٹیوشنل پروگرامز کے تحت ہر ماہ تقریباً 250 تا 300 اداروں میں تعلیمی سرگرمیاں انجام دی گئیں۔ان پروگرامز سے 80,000 سے زائد افراد مستفید ہوئے، جن میں طلبہ اور اساتذہ شامل تھے۔مختلف اداروں میں الھدیٰ پبلیکیشنز کے اسٹالز بھی لگائے گئے جنہیں بھرپور پذیرائی حاصل ہوئی۔

ایک اہم پیش رفت کے طور پر ہیلتھ سیکٹر میں منظم انداز میں کام کا آغاز کیا گیا۔اس مقصد کے لیے تمام ریجنز میں ٹریننگز منعقد کی گئیں اور ہر ریجن سے لیڈی ڈاکٹروں کا انتخاب کیا گیا۔ان شاءاللہ یہ ٹیمیں آئندہ مرحلے میں اپنے اپنے ریجنز میں ہسپتالوں میں ابلاغ دین کا کام کریں گی۔



## نارتھ ریجن

### تعلیمی پیش رفت

ستمبر تا دسمبر 2025 کے دوران تعلیمی شعبہ میں نمایاں ترقی اور اہم اہداف حاصل کیے گئے۔جن میں 148 نئے کورسز کی کامیابی سے رجسٹریشن، 15 نئے تعلیمی مراکز (کلاسز) کا باقاعدہ آغاز ادارے کی توسیعی حکمتِ عملی کا مظہر ہے۔نیز 700 طالبات کو مختلف کورسز کے سرٹیفکیٹس جاری کیے گئے، جب کہ تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے پیپر چیکنگ ٹریننگ کا ایک خصوصی سیشن بھی منعقد کیا گیا۔

**نارتھ ریجن سے الحاق شدہ AIM** کے تحت اسلام آباد، گجرات اور ہری پور میں مرد حضرات کی چار قرآن کلاسز جاری ہیں۔الھدیٰ انسٹیٹیوٹ فارمین کی کلاسز کو مزید مؤثر اور منظم انداز میں آگے بڑھانے کے لیے حال ہی میں ایک میل اکیڈمک کوآرڈینیٹر مقرر کیا گیا ہے، جو تمام میل کلاسز کے تعلیمی امور کی نگرانی کر رہے ہیں۔اس سلسلے میں میل کلاسز کی منصوبہ بندی، کورسز کی بہتری اور تدریسی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے باقاعدہ میٹنگز کا انعقاد کیا جاتا ہے۔

اسی تسلسل میں اسلام آباد میں میل کلاسز کا دائرہ کار بڑھاتے ہوئے دو نئی کلاسز کا آغاز کر دیا گیا ہے، جن میں ایک کلاس سیکٹر G-12 اسلام آباد جبکہ دوسری کلاس بارہ کہو اسلام آباد میں شروع کی گئی ہے۔مزید برآں، نارتھ ریجن انسٹیٹیوشنل پروگرامز کے لیے میل انچارج کی تقرری بھی عمل میں لائی گئی ہے۔ان کے ساتھ میل اسپیکرز کی تعلیمی اداروں میں تقرری کی پلاننگ کے حوالے سے مسلسل میٹنگز کی جا رہی ہیں تا کہ تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔مستقبل قریب میں مزید نئے مقامات پر بھی میل کلاسز کا آغاز کیا جائے گا، تا کہ زیادہ سے زیادہ طلبہ کو معیاری تعلیمی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔



### دروس کا انعقاد

نارتھ ریجن میں 24 دروس عام (موضوعات: غسل میت، قبر کے تین سوال، کامیاب ازدواجی زندگی کا راز، سنت رسول ﷺ) منعقد کیے گئے، جن سے 1386 افراد مستفید ہوئے، ان دروس کا مقصد قرآن وسنت کا مستند علم فراہم کرنا تھا۔

### رمضان المبارک 2026 میں مقررین کی تربیت

رمضان المبارک 2026 میں مقررین کی تربیت کے لیے دو خصوصی ٹریننگ سیشنز کا کامیاب انعقاد کیا گیا۔ان سیشنز کا مقصد مقررین کی صلاحیتوں کو نکھارنا، مؤثر ابلاغ اور پیغام رسانی کے معیار کو بہتر بنانا تھا۔شرکاء نے ٹریننگ کو نہایت مفید قرار دیا اور اسے اپنی عملی وفکری تربیت کے لیے اہم پیش رفت کہا۔انسٹیٹیوشنل پروگرامز نارتھ ریجن کے تحت اکتوبر سے اب تک تعلیمی اداروں میں نمایاں پیش رفت دیکھنے میں آئی ہے۔اس عرصے کے دوران نارتھ ریجن کے 55 تعلیمی اداروں میں مجموعی طور پر 194 تربیتی لیکچرز کا انعقاد کیا گیا۔ان سرگرمیوں سے 5946 سے زائد طلبہ جبکہ 399 اساتذہ کرام نے براہِ راست استفادہ حاصل کیا۔یہ پروگرامز تعلیمی شعور، رہنمائی اور اسلامی اقدار کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ

## نارتھ ریجن

### ہری پور اسپورٹس ڈے

14 دسمبر 2025 کو ہری پور فارم ہاؤس میں AIM نارتھ ریجن کے زیرِ اہتمام اسپورٹس ڈے کامیابی سے منعقد ہوا، جس میں 18 طلبہ اور 5 اساتذہ نے شرکت کی۔ پروگرام کا مقصد قرآن وسنت کی روشنی میں کردار سازی کے ساتھ صحت مند تفریح کو فروغ دینا تھا۔ یہ سرگرمی طلبہ کی جسمانی و روحانی تربیت کے حوالے سے ایک اہم اور کامیاب سنگِ میل ثابت ہوئی۔



### پیشہ ورانہ تربیت

نارتھ ریجن کے اسٹاف اور برانچز اسٹاف کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کے لیے مجموعی طور پر 7 تربیتی پروگرامز کا انعقاد کیا گیا۔ ان تربیتوں کا مقصد تدریسی، انتظامی اور تکنیکی مہارتوں کو بہتر بنانا تھا۔ ان پروگرامز میں نارتھ ریجن درس اور انسٹیٹیوشنل پروگرامز کے مقررین کی تربیت، ناظرہ ٹیچرز ٹریننگ اور مراسلاتی کورسز کے تعارف اور طریقۂ کار پر سیشنز شامل رہے۔

مزید برآں، حج وعمرہ ٹرینرز، ٹرینرز کی اسیسمنٹ اور آئی ٹی ٹریننگ (گوگل فارم جمع کروانے کا طریقہ کار) کے ذریعے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ مہارتوں پر خصوصی توجہ دی گئی۔ یہ تربیتی سرگرمیاں نارتھ ریجن میں تعلیمی معیار اور ادارہ جاتی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہیں۔



### بیسک لائف سیفٹی ٹریننگ

عوام میں ہنگامی حالات سے نمٹنے کی آگاہی بڑھانے کے لیے بیسک لائف سیفٹی ٹریننگ کا انعقاد الھدیٰ محلہ فاروقی، چکوال میں کیا گیا۔ اس تربیتی پروگرام میں 65 شرکاء نے شرکت کی۔ ٹریننگ کے دوران مختلف اہم موضوعات پر عملی اور نظری رہنمائی فراہم کی گئی، جن میں ڈوبنے اور بجلی کے جھٹکے کی صورت میں ابتدائی طبی امداد، دل کے دورے اور حادثات سے نمٹنے کے طریقے، چوٹ، زیادہ خون بہنے اور فریکچر کی ابتدائی دیکھ بھال، بے ہوشی اور غشی کی حالت میں مدد، سی پی آر (بالغ اور بچوں کے لیے)، نیز گلا بند ہونے اور سانس کی نالی میں رکاوٹ کی صورت میں فوری اقدامات کی ٹریننگ شامل تھی۔

## لاہور ریجن

### الھدیٰ فارمین لاہور

الھدیٰ فارمین AIM لاہور کے تحت 2 ٹیون اپ کلاسز کا آغاز ہوا جس میں 63 سٹوڈنٹس رجسٹرڈ ہیں، الحمدللہ یونیورسٹی، کالجز طلبا کے ساتھ ساتھ بزنس کلاس سے بھی لوگوں نے اس کورس کو جوائن کیا۔

الھدیٰ فارمین اور شعبہ خدمت خلق کے باہم تعاون سے لاہور ریجن میں مرد حضرات کے لیے غسل میت ٹریننگ ورکشاپس کا آغاز کیا گیا، اب تک کروائی گئی 2 ٹریننگز میں 60 شرکا نے مسنون غسل وتکفین کے مراحل سیکھے۔

### تجوید ڈیپارٹمنٹ

تجوید ٹیچرز کے لیے کیلی گرافی ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں مجموعی طور پر 37 اساتذہ نے شرکت کی اور ٹریننگ مکمل کی۔ بنیادی تجوید سیشن ٹو کو کامیابی کے ساتھ مکمل کیا گیا، جس میں تقریباً 80 طالبات نے حصہ لیا۔

جدہ سے آن لائن منعقد ہونے والا احکامِ تجوید برائے اساتذہ کورس میں لاہور ریجن سے 40 اساتذہ نے شرکت کی۔ تعلیم التجوید کتاب پر مشتمل پانچ روزہ ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں 197 شرکاء نے شرکت کی۔

### رمضان پروگرام

رمضان پروگرام کی پلاننگ اور ابتدائی کام کے سلسلے میں ریجنل آفس اور برانچز میں ''21 میٹ اینڈ گریٹ سیشنز'' کروائے گئے، جن کے شرکا کی تعداد 713 تھی۔

رمضان پروگرام کے تحت 4 آن لائن تربیتی سیشنز کا اہتمام کیا گیا جن میں 180 سے زائد لوگوں نے شرکت کی۔

پری رمضان تیاری کے تحت 40 سے زائد مقامات پر یہ شہر رمضان کورس منعقد کروایا جا رہا ہے۔

دورہ قرآن سپیکرز میٹنگ منعقد کی گئی جس میں 200 سے زائد سپیکرز نے شرکت کی۔

### بنیادی تعلیمی پروگرام

بنیادی تعلیمی پروگرام کے تحت ''اقراء کورس'' کی 4 کلاسز، ''روشنی کی کرن'' کی 1، ''روشنی کے سفر'' کی 3 کلاسز مکمل ہوئیں، 140 طالبات نے ان کورسز کو کامیابی سے مکمل کیا۔

### انسٹیٹیوشنل پروگرام

لاہور ریجن میں انسٹیٹیوشنل پروگرام کے تحت 244 تعلیمی ادارے وزٹ کیے گئے۔ 336 دروس دیئے گئے، 34435 سٹوڈنٹس اور ٹیچرز نے ان دروس میں شرکت کی۔

### آؤٹ ریچ پروگرام

آؤٹ ریچ پروگرام کے تحت اسلامی مواقع کی مناسبت اور تربیہ کے نقطہ نظر سے عوامی مقامات پر کل 879 ماہانہ دروس منعقد کیے گئے جن سے 51843 شرکا مستفید ہوئے۔

### حج وعمرہ پروگرام

حج وعمرہ پروگرام کے تحت 37 حج ٹرینرز کی اورل اسسمنٹ کی گئی، جس میں ہیڈ آفس کی ٹیم اور ریجنل آفس کی ٹیم نے اسسمنٹ کے مراحل مکمل کیے۔



# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ

## لاہور ریجن

### ہمارے بچے ڈیپارٹمنٹ

ہمارے بچے ڈیپارٹمنٹ کے تحت 22 منارالاسلام کورسز کروائے گئے جن سے 2884 بچوں نے استفادہ کیا۔

بچوں اور ماؤں کے لیے زوم کورسز بھی کروائے گئے جس میں پاکستان کے علاوہ دیگر ممالک سے بچوں اور ماؤں نے شرکت کی اور 95 بچوں نے سرٹیفکیٹ حاصل کیے۔

پاکستان بیت المال سویٹ ہوم میں گارڈین ٹیچرز کے لیے ''بچوں کی اخلاقی تربیت کی اہمیت'' کے موضوع پر دوروزہ ورکشاپ کروائی گئی۔

ویلنشیا کمیونٹی کلب میں نوجوان بچیوں اور بچوں کے لیے 10 روزہ ونٹر کورس کروایا گیا، جس میں بچوں کی تعداد 75 رہی۔

ہمارے بچے سٹاف اور ماؤں کے لیے ''نفع بخش علم سیکھنے کی فضیلت'' اور ''ٹیم ورک کی اہمیت'' پر دو موٹیویشنل ٹاک سیشن منعقد کروائے گئے۔ جس میں تقریباً 120 خواتین نے مختلف سکلز کے بارے میں فائدہ مند معلومات حاصل کی۔ ہمارے ہمارے بچے اسٹاف کی ایک رکن نے رمضان کورس کے آخری دن مدعو کی گئی ماؤں کو یہ کتابچہ (رجب اور شب معراج) متعارف کروایا، اسے پڑھ کر سنایا، تقسیم کیا اور انہیں اس کی ترغیب دی کہ وہ اسے اپنے دوستوں اور اہلِ خانہ کے ساتھ بھی شیئر کریں۔ اللہ تعالیٰ تمام کوششوں کو قبول فرمائے، اور دین کا سچا علم سب لوگوں میں پھیلے، کیونکہ اس کا اصل اور حقیقی سرچشمہ قرآن ہے۔

### ای لرننگ

3 ای لرننگ کورسز کی تکمیل ہوئی (تعارف حبیب صلی اللہ علیہ وسلم، سیرت صحابیات پارٹ 2، تدبر القرآن جز 30 پارٹ 3) 251 سٹوڈنٹس نے ان کورسز کو مکمل کیا۔

### زوم کورسز

2 زوم کورسز (صحیح البخاری اردو پارٹ 2، سورۃ البقرہ) کروائے گئے جن کو 120 طالبات نے مکمل کیا۔

### شارٹ کورسز

50 سے زائد آن سائٹ کورسز کروائے گئے جن سے 500 سے زائد سٹوڈنٹس رجسٹرڈ ہوئے۔

### ماہِ رجب کی سرگرمیوں کی رپورٹ

جیسے ہی ماہِ رجب کا آغاز ہوا، ہیڈ آفس کی جانب سے موصول ہونے والا تمام متعلقہ مواد فوری طور پر تمام برانچز کے ساتھ شیئر کر دیا گیا۔ برانچز کو ہدایت دی گئی کہ ماہِ رجب سے متعلق پائی جانے والی غلط فہمیوں کے ازالے کے لیے آگاہی پر مبنی کلاسز اور لیکچرز کا انعقاد کیا جائے۔

تمام برانچز میں ماہِ رجب کے حوالے سے لیکچرز اور کلاسز کا انعقاد کیا گیا۔

اس موضوع پر تیار کردہ تعلیمی مواد کو نوٹس بورڈز اور ڈیجیٹل ذرائع کے ذریعے بھی شیئر کیا گیا۔

### خواتین کے لیے خصوصی نشستیں

آگاہی کا پیغام صرف کلاسز تک محدود نہیں رکھا گیا بلکہ عام لوگوں تک پہنچانے کے لیے مختلف علاقوں کو بھی کور کیا گیا۔

مختلف علاقوں کی مساجد، نجی مقامات اور دیگر مناسب جگہوں پر خواتین کے لیے ماہِ رجب کی مستند اسلامی تعلیمات پر مبنی آگاہی سیشنز منعقد کیے گئے۔

## کے پی کے ریجن

### پشاور جیل میں ہنر سکھانے کی مہم

یہ پروگرام خواتین کو سلائی کڑھائی اور دیگر صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لیے متعارف کرایا گیا۔

اس کا مقصد خواتین کو خود مختار بنانا ہے۔

جیل کی خواتین کو مختلف قران کورسز کروائے جا رہے ہیں۔

ذہنی جسمانی روحانی تربیت کے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔



### پشتو تراجم

ریجنل آفس پشاور کے تحت الاسمائے الحسنیٰ، مسلم ہیروز، تجلیات نبوت، اور نماز نبوی کو استاذہ محترمہ کے اردو لیکچرز سے پشتو زبان میں ترجمہ کیا گیا جن کو آن لائن پشتو کلاسز میں سنوایا گیا۔

### پیڈو (Pak Everbright Development Organization) کے ساتھ الحاق

پیڈو میں معذور اور بصارت سے محروم لڑکیوں کو قرآن سکھانے کا پروگرام شامل ہے۔



### انسٹیٹیوشنل پروگرام کے تحت ہونے والی سرگرمیاں

کے پی کے مختلف اضلاع کے اسکولوں میں الھدیٰ کے سینئر سٹاف نے متفرق عنوانات پر 600 لیکچرز دیے۔

جس سے تقریباً 65903 سٹوڈنٹس مستفید ہوئے۔

ان موضوعات میں حسن اخلاق، نماز کی اہمیت، نماز کا طریقہ، غسل میت، صبر و تحمل، طہارت کی اہمیت، وضو کا طریقہ، وغیرہ شامل ہیں۔


### SOS Village

ایس او ایس ویلج کے رہائشی بچوں کی تربیت کے لیے سیشنز کا اہتمام کیا گیا اور ان کو ذاتی صفائی کے اصول بتائے گئے۔

### گلونہ یتیم خانے میں اٹھائے جانے والے مثبت اقدامات

1: الھدیٰ پشاور یتیم خانہ الھدیٰ گلونہ میں بچوں کے بہتر مستقبل اور بہترین تعلیمی نتائج حاصل کرنے کے لیے 11 عدد لیپ ٹاپ بچوں کو دیے گئے تاکہ وہ اس میں مہارت حاصل کر کے اپنے لیے روزگار کا ذرائع پیدا کر سکیں۔

2: گلونہ کے لیے باقاعدہ کمپیوٹر لیب کا قیام عمل میں لایا جس میں کمپیوٹر ٹیبل، لیپ ٹاپ، کمپیوٹر چیئرز اور کمپیوٹر ٹیچر کے لیے وائٹ بورڈ کا انتظام کیا گیا۔



# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یاربّ

## کراچی ریجن

### نارتھ ناظم آباد انسٹیٹیوٹ تکمیل رپورٹ

اکتوبر 2025ء تا جنوری 2026ء آن لائن اور آن کیمپس متعدد دینی و تربیتی کورسز کامیابی سے مکمل ہوئے جن میں تعلیم التجوید، صحیح البخاری لیول 2 اور 4، تعلیم الحدیث، صوت القرآن، تعلیم القراءت (تکمیل سورۃ البقرہ بروایت ورش) اور ووکیشنل سلائی کورس شامل ہیں۔ اسی عرصے میں پہلی مرتبہ موسمِ سرما اسپیشل ووکیشنل کورس منعقد ہوا جس میں دینی تربیت کے ساتھ مختلف ہنر کی مہارتیں سکھائی گئیں، جس سے طالبات میں مزید دینی اور ووکیشنل کورسز میں شمولیت کا شوق پیدا ہوا۔ مزید براں عمرہ کے لیے جانے والوں کے لیے تربیتی سیشنز اور ماہِ رجب و شعبان کی فضیلت پر خصوصی لیکچرز کا بھی اہتمام کیا گیا۔




### تکمیل قرآن تقریب

الہدیٰ انٹرنیشنل ڈی ایچ اے انسٹیٹیوٹ کی تفہیم دین، تدبر القرآن، تعلیم الحدیث اور تعلیم التجوید کورسز کی تکمیل کے موقع پر استقامت کے موضوع پر روح پرور تقریب منعقد ہوئی، جس میں 250 شرکاء نے شرکت کی اور 4 کورسز کی تکمیل کی گئی۔ تقریب کا آغاز سورۃ الحشر (24-21) کی تلاوت و ترجمہ سے ہوا۔ طالبات نے کوئز، نشید، سکیٹ، ویڈیو پیغام اور مختلف تعلیمی سرگرمیوں کے ذریعے اپنے سیکھنے کے سفر کو پیش کیا۔ نئے کورسز اور ای لرننگ کا تعارف کروایا گیا، جبکہ استاذہ فرحت ہاشمی کا خصوصی پیغام بھی سنایا گیا۔

### ایکسپو بک فیئر

ایکسپو بک فیئر 2025 میں الہدیٰ کے اسٹال کو عوام کی جانب سے بھرپور پذیرائی حاصل ہوئی۔ پانچ روزہ اس ایونٹ میں کراچی ریجن کی مختلف برانچز کے اسٹاف کی مشترکہ کاوشوں سے روزانہ اوسطاً 250 تا 350 افراد نے اسٹال وزٹ کیا، جن میں اسکول و کالج کے طلبہ، نوجوانوں اور فیملیز کی نمایاں شرکت رہی۔






### شارٹ کورسز کی کامیابی

گلشنِ اقبال برانچ کراچی ریجن میں لڑکوں اور مردوں کے دو شارٹ کورسز کی کامیابی کے بعد Tune up with Quran کے تحت اب سورۃ البقرۃ کے چھ ماہ کے کورس کا آغاز کیا گیا ہے

### ٹریننگز

اکیڈمک ڈپارٹمنٹ کے تحت AWG اسٹاف ٹریننگز اکتوبر تا نومبر 2025، طارق روڈ برانچ کراچی میں منعقد ہوئیں جن میں تمام انسٹیٹیوٹس و برانچز کے تعلیم القرآن اور صوت القرآن کورسز کے 332 اسٹاف ممبران نے شرکت کی۔ ٹریننگز میں وژن و مشن، امتحانات، گروپس، اسٹاف کی شخصیت اور طالبات کے مسائل و حل پر عملی سرگرمیوں کے ساتھ رہنمائی فراہم کی گئی۔

## ملتان ریجن

### ٹریننگ سیشنز

دسمبر میں ایجوکیشن ڈائریکٹر محترمہ نیلوفر جمیل صاحبہ نے دو روزہ لائیو ٹریننگ سیشن لیا، جس میں فارغ التحصیل ہونے والی حدیث کورس طالبات اور اساتذہ کرام سمیت تقریباً 200 افراد نے شرکت کی۔

کراچی ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے 12 تا 15 جنوری ریجنل آفس ملتان میں اسٹاف کے لیے تربیتی سیشن منعقد کیا گیا، جس میں ملک بھر سے 400 سے زائد افراد نے شرکت کی۔

**ناظرہ ٹیچرز ٹریننگ:** تجوید و ناظرہ ٹیچرز کے لیے ستارہ صبا صاحبہ کی جانب سے پانچ سیشن پر مشتمل ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا جس میں تقریباً 70 اساتذہ نے شرکت کی۔ ریجنل آفس ملتان میں 16 جنوری کو حمیرہ عبدالسلام کی زیرِ نگرانی تجوید ٹیچرز ٹریننگ کروائی گئی جس میں 30 اساتذہ نے شرکت کی۔

### القرآن ربیع قلبی

استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کی زیرِ سرپرستی "القرآن ربیع قلبی" دورۂ قرآن کا آغاز یکم جنوری 2026 کو ملتان میں ہوا، جو تا حال جاری ہے۔

پروگرام میں ہاسٹل کی مستقل قیام کرنے والی طالبات اور اسٹاف کی تعداد 150 ہے، جبکہ عارضی قیام کرنے والوں کی تعداد 1200 ہے۔

روزانہ باقاعدگی سے شرکت کرنے والی طالبات اور اسٹاف کی تعداد تقریباً 800 رہی۔

اسی طرح پاکستان سمیت دنیا بھر سے 3553 افراد نے ای لرننگ پلیٹ فارم کے ذریعے داخلہ لیا ہے۔

ای لرننگ کے ذریعے داخلوں کا سلسلہ ماہِ رمضان المبارک میں بھی جاری رہے گا۔

## حیدر آباد ریجن

حیدر آباد ریجن میں اس سال تعلیم القرآن کے سیکنڈ بیچ 2024-25 کی تکمیل ہوئی۔

اس کے علاوہ تیسرے بیچ 2025-26 کا آغاز ہوا جس میں داخلہ لینے والی طالبات کی تعداد 35 ہے۔ یہ طالبات سندھ کے مختلف علاقوں مثلاً بدین، سانگھڑ، ٹنڈو اللہ یار، لاڑکانہ، دادو، رانی پور، بھان سعید آباد، نوشہرو فیروز، خیر پور، ہالہ، جھول، شہداد پور اور بہاولپور سے تعلق رکھتی ہیں۔





# خدمت خلق

Al-Huda Cares!

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس نے کسی مومن کی دنیا کی پریشانیوں میں سے کوئی پریشانی دور کردی، اللہ تعالیٰ بروز قیامت اس کی پریشانیوں میں سے ایک پریشانی دور کردے گا۔ جس نے کسی تنگ دست پر آسانی کی، اللہ اس پر دنیا و آخرت میں آسانی کرے گا..." [صحیح مسلم]

## خدمت خلق سروسز

| | |
|---|---|
| غسل میّت + ٹریننگ | 253 غسل + 257 ٹریننگ |
| فری کفن | 189 عدد |
| ووکیشنل سنیٹر | 86 مقامات |
| امداد برائے روزگار | 234 افراد مستفید ہوئے |
| میڈیکل کیمپس | 22 مختلف مقامات |
| طبی امداد | 1420 افراد مستفید ہوئے |
| تعلیمی امداد | 1236 افراد مستفید ہوئے |
| مالی امداد | 4086 افراد مستفید ہوئے |
| امداد برائے شادی | 58 افراد مستفید ہوئے |
| قرض حسنہ | 8 افراد مستفید ہوئے |
| میرج بیورو | 78 رشتے طے ہوئے |
| ماہانہ راشن | 3156 افراد مستفید ہوئے |
| یتیم خانہ | 298 افراد مستفید ہوئے |

## خدمت خلق پروجیکٹس

| | |
|---|---|
| ونٹر پروجیکٹ | 8730 خاندان مستفید ہوئے |
| فراہمی آب | 27386 + افراد مستفید ہوئے |
| الہدیٰ دسترخوان | 14884 افراد مستفید ہوئے |
| آبادکاری | 8 گھر |
| گھروں کی مرمت | 2 گھر |







## Bank Details

**A/C Title:** Al-Huda International Welfare Foundation

A/C # 0104783594(Rupee)

**IBAN AC #** PK13MEZN0003160104783594

**Branch Code:** 0316,**Swift Code:** MEZNPKKAGRD

Meezan Bank Ltd,

E-11 branch Islamabad

***Donate online***

https://www.alhudapk.com/donate.html

# خدمتِ خلق
Al-Huda Cares!

## سیلاب متاثرین کی امداد

سیلابی صورتحال سے خیبر پختون خواہ، پنجاب اور سندھ کے متاثرہ علاقوں میں الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن کی طرف سے ہر ممکن مدد کی گئی۔ پشاور، ملتان، لاہور اور حیدر آباد ریجن نے ہیڈ آفس کی مدد سے بھرپور امدادی کاروائیوں میں حصہ لیا اور ضرورت مندوں تک اشیاء ضروریہ پہنچائیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| راشن بیگز | 5130 بیگز | کپڑے، برتن، بیڈشیٹس اور دیگر اشیاء | 7575 |
| پانی کی بوتلیں | 16617 | کفن | 161 |
| پکا ہوا کھانا | 12295 پیکس | ادویات | 102 |
| مچھر دانیاں | 1673 | کمبل | 404 |
| ترپالیں/چٹائیاں | 2850 | روزگار | 12 |

ان امداد سے سینکڑوں خاندان مستفید ہوئے، 130000 سے زائد ضرورت مندوں کی مدد کی گئی۔

## بونیر واٹر پروجیکٹ

بونیر میں سیلاب سے متاثرہ واٹر پائپ لائن کے منصوبے پر بھی کام جاری ہے۔ جو آئندہ دو ماہ میں مکمل ہوجائے گا۔ اس سے سینکڑوں خاندانوں کو پانی فراہم کیا جائے گا۔

## ونٹر پروجیکٹ

سرد موسم سے بچاؤ کے لیے ضرورت مندوں اور سیلاب متاثرین میں 2800 سے زائد ونٹر پیکج تقسیم کیے گئے۔ اس پروگرام سے 8555 افراد مستفید ہوئے۔




## دیگر سرگرمیاں

لاہور ریجن کے زیرِ اہتمام نواب ٹاؤن برانچ میں سوق الخیری کا انعقاد کیا گیا، جس میں کپڑوں، جوتوں، کراکری، جیولری اور مختلف اشیاء کے ساتھ ساتھ فوڈ سٹالز بھی لگائے گئے۔ عوام کی کثیر تعداد نے سستا بازار وزٹ کیا اور خریداری کی۔ اس موقع پر لوگوں کو الہدیٰ کے تعلیمی پروگرامز کے بارے میں بھی آگاہی دی گئی۔

## تھیلیسیمیا آگاہی ورکشاپس

الہدیٰ کراچی شعبہ خدمتِ خلق کے زیرِ اہتمام 7 برانچز میں تھیلیسیمیا آگاہی ورکشاپس کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد نئی نسل میں اس مرض کی معلومات فراہم کرنا تھا تاکہ وہ اپنی آئندہ نسلوں کو بچا سکیں۔

Kashif Thalassemia Center سے آئے ہوئے ماہرین اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے نہایت خوش اسلوبی کے ساتھ تھیلیسیمیا کے اسباب، علامات، تشخیص اور بچاؤ کے طریقوں پر تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ اس موقع پر شرکاء کے فری سی بی سی بلڈ ٹیسٹ بھی کیے گئے اور انہیں فوری رپورٹس مہیا کی گئیں۔

ٹیسٹ کے نتائج کے مطابق: کل 473 شرکاء میں سے صرف 8 افراد کا نتیجہ پازیٹو آیا۔ ماہرین نے ان افراد کو نہ صرف تسلی دی بلکہ آئندہ کے لائحۂ عمل، احتیاطی تدابیر اور مزید طبی رہنمائی بھی فراہم کی۔ شرکاء نے اس ورکشاپ کو نہایت معلوماتی اور مفید قرار دیا۔






## دیگر سرگرمیاں

الہدیٰ طارق روڈ برانچ میں 20 دسمبر 2025 کو سوق الخیری کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد فنڈ ریزنگ، خیر کے کاموں کا فروغ اور طالبات کی عملی تربیت تھا۔ ایونٹ منظم اور خوشگوار رہا جہاں طالبات نے اعتماد، کمیونیکیشن اور ٹیم ورک جیسی مہارتوں کی عملی مشق کی۔

# سٹوڈنٹس کارنر

## حفاظتی حصار

آج کے سبق میں ایک آیت نے مجھے اپنے آپ سے سوال کرنے پر مجبور کر دیا کہ میں کس طرح کے لباس کا انتخاب کرتی ہوں۔ یہ بات دل میں اتر گئی کہ لباس محض کپڑا نہیں بلکہ انسان کی سوچ اور باطن کی عکاسی کرتا ہے، اور جب انسان باحیا لباس اختیار کرتا ہے تو فطرت کے قریب ہو جاتا ہے اور اللہ کی اطاعت اس کے لیے آسان ہو جاتی ہے۔ یہ حقیقت بہت واضح ہوئی کہ شیطان انسان کے اندر سے حیا ختم کرتا ہے۔ پہلے لباس میں معمولی کمی، پھر وہ چیزیں جو کبھی غلط لگتی تھیں، رفتہ رفتہ عام ہو جاتی ہیں، یہاں تک کہ لباس ستر کے بجائے خواہشِ نفس کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ میں نے خود سے سوال کیا کہ جو جسم اللہ نے امانت کے طور پر دیا، کہیں میرا لباس اسی رب کی نافرمانی کا سبب تو نہیں بن رہا؟ اور یہ احساس بھی دل میں چبھتا رہا کہ اگر میں خود غفلت کا شکار ہوں تو اپنی اولاد کے دل میں حیا کا بیج کیسے بو سکوں گی؟ جب حیا ختم ہو جائے تو گناہ آسان ہو جاتے ہیں، کیونکہ دل سے یہ احساس نکل جاتا ہے کہ میرا رب مجھے دیکھ رہا ہے۔ آج یہ سمجھ آیا کہ میرا اصل امتحان یہ ہے کہ میں اپنا حفاظتی حصار خود بناؤں گی۔ اللہ کے ذکر، تقویٰ اور حیا کے ذریعے۔ یہ سبق صرف لباس کے بارے میں نہیں تھا، بلکہ اپنے رب کے ساتھ تعلق، اپنی ذمہ داری اور اپنی ترجیحات کو پرکھنے کا موقع تھا۔

ماخوذ القرآنُ ربیعُ قلبی جزء: وَلَوْ اَنَّنَا۔ دوسرا نصف

مریم سلیم

## صبر کیوں ضروری ہے؟

آج کے سبق سے میں نے جانا کہ صبر تین اعتبار سے ضروری ہے: اللہ کے احکامات پر صبر، منہیات پر صبر اور تقدیر کے فیصلوں پر صبر۔ ہر قسم کا صبر اللہ اور بندے کے درمیان تعلق کو مضبوط کرتا ہے۔ احکامات اور منہیات میں صبر کے بغیر عبادت اور کردار مکمل نہیں ہوتا، اور تقدیر کے فیصلوں پر صبر ہمیں اللہ کی رضا کے قریب کرتا ہے۔ صبر کی سب سے افضل قسم وہ ہے جو اللہ کے احکامات پر مبنی ہو۔ یہ انبیاء اور ان کے پیروکاروں کا صبر ہے، جس میں سب سے زیادہ اجر اور برکت ہے۔ دوسری طرف، قابلِ مذمت صبر وہ ہے جو انسان اپنی محبت یا خواہشات کے خلاف کر کے کرتا ہے، یعنی نافرمانی کے بعد بے چینی سہنا، جو سب سے نقصان دہ اور تکلیف دہ صبر ہے۔ صبر نہ صرف تقدیر میں لکھی چیزوں پر ضروری ہے بلکہ ہر حال میں احکام کی تعمیل، گناہوں سے اجتناب، اور مشقتوں میں بھی بندے کے لیے لازم ہے۔ صبر کا آغاز صدمے کے وقت ہونا چاہیے، نہ کہ بعد میں۔ جو شخص اللہ کی اطاعت میں صبر کرتا ہے، وہ معزز ہے، اور جو مجبوری سے صبر کرتا ہے وہ بدبخت ہوتا ہے۔ میں نے سیکھا کہ انسان اپنی زندگی کے ہر لمحے میں صبر سے مستغنی نہیں ہو سکتا، چاہے وہ عبادت، ترکِ حرام، تقدیر یا نعمتوں کی شکر گزاری ہو اور یہی صبر انسان کو زندگی کے ہر امتحان میں مضبوط اور اللہ کے قریب بناتا ہے۔

ماخوذ فقه القلوب. فقه الصبر

قرۃ العین خان

## Qualities needed for doing Islah

Alhamdulillah, today's class deeply moved my heart. I learned that true Islah is not about correcting mistakes, but about nurturing Taqwa and building character with patience and wisdom. Often, in leadership or parenting, we focus so much on tasks and faults that we forget empathy, harming hearts and relationships in the process. Today I understood that real reform means seeking Allah's pleasure, giving ease, preserving trust, and shaping character with gentleness rather than criticism.

May Allah grant us Hikmah and the ability to live by these lessons. Aameen.

From Book "Ghaltion ki Islah ka Nabvi Tariqa"
Moona Shahkar

## نماز شفا کا ذریعہ

وَارْكَعُوا مَعَ الرَّاكِعِينَ

نماز کے اذکار کی کتاب کے ذریعے نئی دعائیں سیکھنے اور انہیں سمجھنے کا موقع ملا، جس سے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے ساتھ تعلق مزید مضبوط محسوس ہوا۔

کلاس میں رکوع اور سجدے کی درست پوزیشن پر گفتگو نے خاص طور پر توجہ دلائی کہ ہم رکوع تو کرتے ہیں مگر اکثر اطمینان اور ٹھہراؤ کے ساتھ نہیں کرتے۔

یہ بات سن کر میں نے نماز میں اپنے رکوع کو درست کیا، اور الحمدللہ اس کی برکت سے میری کمر کی تکلیف میں شفا محسوس ہوئی۔ ابتدا میں درد بڑھا، مگر دل میں یہی یقین رہا کہ شفا نماز ہی میں ہے۔

آج یہ بات اور زیادہ واضح ہو گئی کہ اللہ تعالیٰ نے نماز کو ہمارے لیے اصلاح، شفا اور اپنے ساتھ جڑنے کا کتنا خوبصورت ذریعہ بنا دیا ہے۔

اللہ ہمیں خشوع کے ساتھ نماز پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہماری عبادت قبول فرمائے، آمین

ماخوذ نماز کے اذکار

منیرہ ضیاء

# الھدیٰ پبلی کیشنز

## نئی مطبوعات




## تعزیت

خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں

### اناللہ وانا الیہ راجعون

کراچی فرسٹ بیچ سے فارغ التحصیل اور شعبہ خدمت خلق سے وابستہ ہماری پیاری نادرہ آپا اور ہماری عزیز ساتھی فہمیدہ شاہد (طارق روڈ برانچ) اپنے خالق حقیقی سے جاملیں۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں کی مغفرت فرمائے، ان کی حسنات کو قبول فرمائے اور انہیں جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

## تبصرہ کتاب





### سورۃ الرحمن
### بک، فلیش کارڈ اور کیلی گرافی بک

زیرِ نظر کتاب "سورۃ الرحمٰن" الہدی پبلی کیشنز کی شائع کردہ اور الہدی کے شعبہ "ہمارے بچے" کی ایک بابرکت کاوش ہے۔ قرآن فہمی کے سلسلے کی اس پہلی پیشکش کے لیے سورۃ الرحمٰن کا انتخاب نہایت موزوں ہے، کیونکہ یہ سورت اللہ تعالیٰ کی بے پایاں رحمتوں، بے شمار نعمتوں اور اس کی قدرت کے حسین مظاہر کو نہایت دلنشین انداز میں اجاگر کرتی ہے۔ سورۃ الرحمٰن بچوں کو انتہائی خوبصورت اسلوب میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی نعمتوں کی پہچان کراتی ہے اور ان کے دلوں میں اپنے رب کی محبت اور قربت کا احساس بیدار کرتی ہے۔ اس کتاب میں بچوں کو قرآن سے مانوس کرنے کے لیے آسان زبان، روزمرہ زندگی کی مثالیں اور مؤثر اسباق شامل کیے گئے ہیں، تاکہ وہ قرآن کے پیغام کو سمجھ کر اسے اپنی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ یہ کتاب، فلیش کارڈز اور کیلی گرافی بک کے ساتھ ایک جامع تربیتی پیکج کی صورت میں دستیاب ہے، جو بچوں کو نہ صرف سورت یاد کرنے بلکہ اس کے مفہوم کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ آپ بھی اپنے بچے کو رب کی پہچان کروائیں، تاکہ وہ نعمتوں کو اپنا حق سمجھ کر استعمال نہ کرے بلکہ نعمتیں عطا کرنے والے رب کا شکرگزار بندہ بن کر زندگی گزارے۔

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
کراچی: 59E خیابانِ سحر، فیز6، ڈی ایچ اے | فون: 8-35171136 21 92+
ای میل: reg.office.khi@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com

ایڈیٹوریل ٹیم
سرپرست اعلیٰ: ڈاکٹر فرحت ہاشمی
مینیجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹر: طاہرہ خان
گرافک ڈیزائنر اینڈ کمپوزر: مریم مظہر
پروف ریڈرز: رفقہ اصغر، زبیدہ عزیز، یاسمین خاکوانی، فرخ چوہدری، عصمت خاتون